# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**

**Dated : 29 August 2026**

**Time : 12:30 PM**

## آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں اشفاق امین

پی ایم دورہ

وزیر اعظم نریندر مودی آج صبح ازبکستان اور کرغز جمہوریہ کے اپنے چار روزہ دورے پر روانہ ہو گئے ہیں۔روانگی سے قبل اپنے بیان میں وزیر اعظم نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ ان کا ازبکستان اور کرغز جمہوریہ کا دورہ وسطی ایشیا میں ہندوستان کی سٹریٹیجک شراکت داری کو مضبوط کرنے کے علاوہ خطے کے ساتھ تہذیبی تعلق کو بھی مزید گہرا کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔

وزیر اعظم نے کہا کہ ازبکستان دورے کے دوران وہ صدر شوکت مرزیوئیف تجارت اور ڈیجیٹل کنکٹیوٹی کے علاوہ دفاع اور توانائی کے شعبوں میں مزید تعاون بڑھانے کیلئے بات چیت کے منتظر ہیں۔

انہوں نے کہا کہ وہ کرغز جمہوریہ کے صدر یرزاپروف کی دعوت پر **26** ویں شنگھائی تعاون تنظیم سربراہ اجلاس میں شرکت کیلئے بشکیک جائیں گے۔

نیپال

نیپال میں حالیہ سیلاب سے ہلاکتوں کی تعداد **579** تک پہنچ گئی ہے جبکہ ایک ہزار **924** ابھی بھی لاپتہ ہیں۔ بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں۔وزارت خارجہ کے مطابق **320** بھارتی شہریوں کے ساتھ ابھی بھی رابطہ منقطع ہے جبکہ ترشولی پن بجلی پروجیکٹ پر کام کر رہے **63** بھارتی شہریوں کو بچا لیا گیا ہے۔اس دوران بھارت کا تیسرا جہاز امدادی ساز و سامان لے کر نیپال روانہ کر دیا گیا ہے۔

ہائی کورٹ بینچ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے لداخ میں جموں کشمیر ہائی کورٹ بینچ قائم کرنے کو منظوری دے دی ہے جس کے بعد اس علاقے میں اعلیٰ عدالتی سہولیات دستیاب ہونے کی راہ ہموار ہو گئی ہے۔واضح رہے کہ مرکزی کابینہ نے اس منصوبے سے متعلق مسودے کو پچھلے ہفتے منظوری دی تھی۔

لداخ کے لوگوں کی اس مانگ کو پورا کرنے پر یوٹی میں اطمینان کا اظہار کیا جا رہا ہے۔لداخ یوٹی کے ایل جی ونئے کمار سکسینہ نے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ یہ فیصلہ بھارت سرکار کا عوامی امنگوں کے تئیں سنجیدگی کا اظہار ہے۔

IAS

مرکز نے جموں کشمیر ایڈمنسٹریٹیو سروس کے مزید 23 افسران کو آئی اے ایس میں شامل کرنے کو منظوری دی ہے۔ اس سلسلے میں پرسنل اور ٹریننگز محکمہ کی جانب سے جاری کئے گئے حکمنامے کو مرکزی وزیر مملکت وزیر ڈاکٹر جیتندر سنگھ نے بھی اپنے سوشل میڈیا پوسٹ X پر شئیر کیا۔حکمنامے کے مطابق ان افسران میں 14 مختلف محکموں میں کام کررہے ہیں جبکہ دیگر 9 اپنی نوکریوں سے سبکدوش ہوچکے ہیں۔

بجلی

جموں کشمیر حکومت نے بجلی کے شعبے میں بہتری لانے کیلئے ایک جامع اور مقررہ مدت پر مبنی لائحہ عمل تیار کیا ہے جس کے تحت دسمبر 2035 تک بجلی کی پیداواری صلاحیت کو بڑھا کر 11 ہزار میگا واٹ کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جو کہ موجودہ نصب شدہ ساڑھے 3 ہزار میگا واٹ سے 3 گنا زیادہ ہوگی۔اس سلسلے میں کل سرینگر میں چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کی صدارت میں ایک اعلیٰ سطح کی جائزہ میٹنگ منعقد ہوئی جس میں انہوں نے بجلی منصوبوں کی تکمیل کی رفتار برقرار رکھنے اور پن بجلی پروجیکٹوں کی پیداواری صلاحیت کو مزید فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

سیب

کشمیر وادی میں سیبوں کے ہائی ڈینسٹی باغ، باغ مالکان کیلئے آمدن کا بہتر ذریعہ ثابت ہورہے ہیں۔ ہائی ڈینسٹی والی سیبوں کی فصل نہ صرف کشمیر کے روایتی سیب سیزن سے پہلے تیار ہوتی ہے بلکہ اس کے نرخ بھی قدرے اضافے ہیں۔

پوری وادی میں گزشتہ چند سال سے ہائی ڈینسٹی باغ لگانے کا رجحان فروغ پارہا ہے اور زمیندار بھی اس کے تئیں اطمینان کا اظہار کررہے ہیں۔سرکار کے باغبانی محکمہ نے ہائی ڈینسٹی کا باغ لگانے کیلئے خصوصی سکیم رکھی ہے جس کے تحت باغ مالکان کو سبسڈی بھی فراہم کی جاتی ہے۔ان دنوں ان باغات میں سب اتارنے کا رش نظر آرہا ہے اور لوگ اس میں ہمہ تن مصروف ہیں۔

کھیل ڈے

آج کھیلوں کا قومی دن ہے۔اس سلسلے میں ملک کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی کئی تقریبات کا اہتمام ہورہا ہے۔

NIT سرینگر میں کل سے ’کھیلے گا بھارت، جیتے گا بھارت‘ عنوان کے تحت تین روزہ تقریبات شروع ہوئیں جو کل اختتام پذیر ہونگی۔ یہ تقریبات وزارت کھیل کود کے اہتمام ’فٹ انڈیا مومنٹ‘ کے ایک حصے کے طور پر منعقد ہورہی ہیں۔

جموں کشمیر میں پچھلے چند سال سے کھیلوں کی اہمیت کافی فروغ پارہی ہے اور کئی کھلاڑیوں نے قومی اور بین الاقوامی سطح کے کھیل مقابلوں میں اپنا لوہا منوا کر اہم تمغے حاصل کئے ہیں۔

کھانڈ

مرکزی سرکار نے واضح کر دیا ہے کہ ملک میں کھانڈ کی کوئی قلت نہیں ہے اور مناسب نرخوں پر اس کی دستیابی یقینی بنانے کیلئے سبھی لازمی اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ امور صارفین کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ حالیہ دنوں میں ایکس مِل شوگر کی قیمتوں میں 20 فیصد کی کمی ہوئی ہے جبکہ پرچون شوگر قیمتیں بھی کم ہونا شروع ہوگئی ہیں۔ وزارت کے مطابق سرکار کھانڈ کی قیمتوں کو اعتدال پر رکھنے کیلئے نگرانی کے عمل کو مزید موثر بنارہی ہے جبکہ ملک بھر میں سٹاک دستیاب رکھنے کیلئے بھی اقدامات جاری ہیں۔ بیان کے مطابق اگلے مہینے سے 15 روزہ شوگر الوکیشن سسٹم متعارف کیا جائے گا جو اِس وقت ماہوار بنیادوں پر چل رہا ہے۔

من کی بات

وزیراعظم نریندر مودی کل 30 اگست کو من کی بات کے اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام میں مختلف موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ اس پروگرام کا 137 واں شمارہ ہوگا۔ صبح 11 بجے آکاشوانی اور دوردرشن کے پورے نیٹ ورک پر نشر ہونے کے بعد فوراً بعد اس پروگرام کا علاقائی ترجمہ بھی پیش کیا جائے گا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ۔